THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Thursday, June 07, 2012
(82nd Session)
Volume VI No.05
(Nos.01-08)

CONTENTS

		Pages
1.	Recitation from the Holy Quran ……….	1
2.	Leave of Absence ……………………...	2
3.	Further Discussion on the Budget 2012-13…	2-39

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.

Volume VI	SP.VI(05)/2012
No.05	15

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, June 07, 2012

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fifty one minutes past ten in the morning with Mr. Presiding Officer (Mr. Gul Muhammad Lot) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝٢ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ
وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۚ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ
لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝٣

ترجمہ: اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس کے لیے (دنیا وآخرت کے رنج و غم سے) نکلنے کی راہ پیدا فرما دیتا ہے۔ اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا، اور جو شخص اللہ پر توکل کرتا ہے تو وہ (اللہ) اسے کافی ہے، بے شک اللہ اپنا کام پورا کر لینے والا ہے، بے شک اللہ نے ہر شے کے لیے اندازہ مقرر فرما رکھا ہے۔

(سورۃ الطلاق آیات 2تا3)

Mr. Presiding Officer: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Let us take the leave applications first.

LEAVE OF ABSENCE

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عبدالحسیب خان صاحب نے ناسازی طبیعت کی بنا پر مورخہ 2012-6-6 تا اختتامِ حالیہ اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Further Discussion on the Budget 2012-13

Mr. Presiding Officer: Now I give the floor to Mr. Muhammad Nisar to start the debate on the budget.

سینیٹر نثار محمد: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ اس بجٹ اجلاس کے موقع پر آپ نے مجھے پہلی مرتبہ بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ یہ میری چونکہ پہلی تقریر ہے اس لیے میں اپنی طرف سے معزز اراکین سینیٹ اور سینیٹ سٹاف کو السلام علیکم عرض کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! میری تقریر کل کے اجلاس میں متوقع تھی اور آپ بھی موجود تھے، جس طرح اس Chair سے توقعات تھیں، وہ پوری نہیں ہوئیں لیکن اس کے باوجود ہم اس ایوان میں رہتے ہوئے Chair سے انصاف کی توقع رکھتے ہیں۔

جناب چیئرمین! بجٹ کے حوالے سے میری کچھ گزارشات ہیں۔ کسی بھی ملک کے بجٹ کا زیادہ تر انحصار revenue collection پر ہوتا ہے۔ اس بجٹ میں FBR کی طرف سے 2381 billion کے tax وصولی کی توقع کی گئی ہے، جس طرح حکومت کی موجودہ صورت حال جا رہی ہے تو یہ بہت ہی مشکل کام لگتا ہے کہ ہم اس target کو achieve کر لیں۔ جناب والا! میری ایک تجویز ہے کہ transit trade کے نام پر ملک میں اس وقت smuggled goods کی جو بہتات ہے اگر اس پر غور کیا جائے اور جن چیزوں پر Afghan Transit Trade کی اجازت ہے، ان کی import کی اجازت دی جائے تو میرے خیال میں ہمیں ایک huge amount revenue کی شکل میں مل سکتا ہے۔ پانچ سال پہلے electronic and cosmetic goods کی import کی اجازت تھی اور ان دو

تین چیزوں سے سالانہ تقریباً پانچ ارب روپے سے زیادہ کا revenue آتا تھا لیکن جب سے یہ حکومت آئی ہے اس نے FBR میں Director Evaluation کے نام سے ایک ادارہ بنایا ہوا ہے جس کی ہٹ دھرمی اور غلط پالیسیوں کی وجہ سے انہوں نے evaluation کا طریقہ کار اس طریقے سے بنایا ہوا ہے کہ وہی items جو import ہو رہے تھے وہ transit trade کی شکل میں import ہو کر دوبارہ اسی ملک میں سمگل ہوتی آرہی ہیں۔ میرا خیال یہی ہے کہ اس طرح ایک طرف تو اگر سمگلنگ کی روک تھام ہے اور دوسری طرف اگر ان چیزوں پر غور کیا جائے۔ اس طرح اس میں اور بھی مختلف items ہیں، ٹائرز ہیں، جو local manufacturers بھی نہیں ہیں، ان کی ملک میں انڈسٹریز بھی نہیں ہیں جس طرح میں نے عرض کر دیا، electronic goods جس میں DVDRs, CDVRs ہیں اگر ان چیزوں کی import کی اجازت دی جائے جس کی already اس ملک میں production بھی نہیں ہے اور ان کے manufacturers بھی نہیں ہیں تو اس کی import سے ایک خطیر رقم ملک کے خزانے میں جمع ہو سکتی ہے۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ پر میرا جو دوسرا نکتہ ہے اور جس point کی طرف میں آرہا ہوں وہ بیرونی قرضہ جات ہیں۔ اس وقت ملک کی معیشت ابتر حالت پر پہنچ چکی ہے۔ میرے کچھ بھائی جو اس پارلیمنٹ میں بیٹھے ہوئے ہیں وہ اپنے سنہری الفاظ سے اپنی کوتاہیوں اور غلطیوں کا تو ازالہ کر سکتے ہیں لیکن اس پارلیمنٹ کے باہر جا کر اگر ان عوام سے پوچھا جائے کہ ان پر کیا گزرتی ہے تو میرے خیال سے آج کل پاکستان کی جو حالت ہے خصوصاً بیرونی قرضوں کی، اس وقت یہ قرضہ جات 12 ہزار ارب سے تجاوز کر چکے ہیں۔ اس پر اگر calculation کی جائے تو میرے خیال میں 18 کروڑ عوام کا ایک ایک بچہ مقروض ہو چکا ہے۔ دوسری طرف یہ قرضہ جات ہم کس طرح بیرونی دنیا سے حاصل کرتے ہیں، خیرات، زکوٰۃ اور بھیک مانگ کر۔ اس قوم کے سربراہان کس طریقے سے جا کر ہمارے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہیں اور خیرات کی طرح اس ملک کو چلاتے ہیں جو انتہائی دکھ کی بات ہے۔ دوسری طرف جناب چیئرمین! ایک سال کے اندر 195 بلین تک کرپشن ہوتی ہے اور اگر اس تناسب سے یا دوسری طرف جو اس گورنمنٹ کے موجودہ چیئرمین نیب ہیں ان کی اگر آپ figures کا موازنہ کریں جو انہوں نے دئے ہوئے ہیں تو چار سال اس دور حکومت میں میرے خیال سے جو قرضہ جات آئے ہوئے ہیں وہ صرف اور صرف کرپشن کی نظر ہو گئے ہیں۔ 6 ہزار ارب قرضہ جات بن جاتے ہیں۔ یہ کہہ رہے ہیں کہ نہیں جب ہم نے اقتدار سنبھالا تو اس وقت 6 ہزار ارب روپے تھے لیکن اس کرپشن کی آپ

calculation کرلیں تو 7200 بلین روپے بنتے ہیں۔ میرے خیال سے یہی لوگ ہیں جو اپنے لئے وہی قرضہ جات جو قوم کو گروی کرلیتے ہیں صرف اور صرف کرپشن کی راہ میں استعمال کرتے ہیں۔ دوسری طرف قرضہ جات کی صورت میں معیشت کا یہی حال ہے کہ اس وقت ملک کے اندر 18% سے زیادہ نوٹ چھاپے جا رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس سے آپ اندازہ کریں کہ اگر میری جیب میں سو روپے ہیں تو actual اس کی قیمت 88 روپے ہے۔

جناب چیئرمین! Transparency International Pakistan کے مطابق اگر دیکھا جائے۔ یہ وہ figures ہیں جب 2008 میں اس گورنمنٹ نے takeover کیا 390 بلین روپے پہلے سال کی کرپشن، 2009 کی 450 بلین روپے کرپشن، 2010 کی 825 بلین کرپشن اور 2011 کی 1100 بلین روپے کرپشن جو total ملا کر 2756 ارب روپے کرپشن بنتی ہے۔ یہ کہاں سے آرہی ہے اور یہ ملک کس طرح چلے گا؟ میں تین مہینوں سے اس پارلیمنٹ کو دیکھ رہا ہوں، خدارا! اس پارلیمنٹ سے لوگوں کو بہت توقعات ہیں۔ (عربی) اس کے بیچ میں بہت ہلکا سا پردہ ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے عزت دی ہے تو ذلت بھی اس کے ساتھ ہی ہے۔ عوام کس طرح اور کس سوچ پر آپ لوگوں کو elect کرکے لے آئے ہیں اور آپ کو حکمران بنایا ہے۔ آپ اس ملک کو کس طرف لے جا رہے ہیں؟ صرف الفاظ کی بات نہیں ہوتی ہے کہ اس کو سلیقے اور خوبصورتی سے رنگ دے کر آپ بہلا دیں بلکہ باہر جا کر آپ دیکھ تو لیں کہ لوگ کیا کہہ رہے ہیں؟ کس طرف یہ ملک جا رہا ہے؟ دن بدن ملک کی معاشی حالت بد سے بدترین ہوتی جا رہی ہے۔ 60 سال تو چھوڑیے ہماری تو اتنی age نہیں ہے لیکن ہم نے 35, 40 سال میں جو دیکھا ہوا ہے۔ آنے والی نسل بہت معذرت کے ساتھ، آنے والی نسل پوری کی پوری corrupt ہوتی جا رہی ہے۔ کوئی بچہ یہ نہیں سوچ سکتا ہے کہ مجھے بغیر پیسے کے نوکری مل جائے گی۔ میں اگر یہ قرضہ جات غلط بیان کر رہا ہوں 4 سال پہلے باہر نہیں جا رہا ہوں، ارکان پارلیمنٹ جو قومی اسمبلی اور یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، جو گورنمنٹ کے ارکان اسمبلی ہیں ان سے پوچھا جائے کہ 4 سال پہلے 30% سے زیادہ اس وقت آپ لوگوں کی کیا position تھی؟ ان کے پاس Form submit کرنے کے لئے فیس نہیں تھی وہ ورکرز جمع کرتے تھے اور وہ ورکروں کی گاڑیوں میں آیا کرتے تھے۔ آج وہ لوگ 15, 20 کروڑ کی ایک ایک کوٹھی میں رہتے ہیں اور لینڈ کروزر گاڑیوں میں پھرتے ہیں۔ کہاں سے یہ پیسا آگیا ہے، یہ قوم کا پیسا نہیں ہے تو کس کا ہے؟ یہ کہہ رہے ہیں کہ ثبوت لے آئیں۔ اس سے بڑا ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے جب ثبوت آجاتے ہیں تو پھر بھی آپ بھاگ جاتے ہیں، پھر عدالت کو بھی نہیں مانتے۔ جناب

چیئرمین! یہ وہ باتیں ہیں جو باہر کی باتیں ہیں in Parliament باتیں نہیں ہیں بلکہ لوگوں اور عوام کی باتیں ہیں۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں میری ایک تجویز ہے کہ حکومت ملازمت کے سلسلے میں جو 120000 vacancies create کر رہی ہے، یہ ایک اچھی بات ہے کیونکہ بیروزگاری ہے، ایسا ہونا چاہیے لیکن میں جناب چیئرمین! آپ کی وساطت سے یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ آیا یہ ملازمتیں کس طریقے سے دی جائیں گی۔ جس طرح کا پچھلے چار سالوں کا ان کا ریکارڈ ہے کہ میں نے ذکر کیا کہ کسی بھی بچے کو آج اپنی ability پر، اپنی قابلیت پر بھروسا نہیں ہے۔ آپ یقین کریں جب بھی میں اپنے حلقے میں ہوتا ہوں یا اپنے علاقے میں ہوتا ہوں تو خدا شاہد ہے، یہ حقیقت ہے کہ تقریباً وہ لوگ جنہوں نے Masters یا Bachelors کیا ہوا ہے یعنی پڑھے لکھے لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات آئی ہوئی ہے کہ اب تو سفارش بھی کام نہیں کرتی صرف اور صرف پیسا کام کرتا ہے اور صرف اور صرف پیسے کی مدد سے ہم ملازمتیں حاصل کر سکتے ہیں اور یہ ہے بھی حقیقت کیونکہ یہ already پچھلے چار سال سے ہو رہا ہے۔ آپ کوئی بھی مثال لے لیں۔ آپ لوگوں نے PTV میں کیا کیا ہے؟ ایک شخص peon سے assistant director بن جاتا ہے۔ جناب والا! یہ کیا ہو رہا ہے؟ اس قوم کے ساتھ کیا مذاق ہو رہا ہے؟

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان vacancies پر بھرتی کے لیے ایک شفاف طریقہ کار ہونا چاہیے اور نہ کہ MPAs, MNAs اور سینیٹر صاحبان میں کوٹا تقسیم ہو کہ آپ کے بیس بندے ہیں اور آپ کے پچاس بندے ہیں، جس طرح اس وقت ہو رہا ہے۔ ان میں کرپشن کرکے ان اسامیوں پر بھرتی کے لیے پندرہ پندرہ اور بیس بیس لاکھ روپے لیے جائیں۔ لہٰذا میری ایک مودبانہ تجویز ہی سمجھ لیں، عرض سمجھ لیں یا جو بھی سمجھ لیں اس قوم کی خاطر، ان بچوں کی خاطر کہ اس کے لیے کم از کم ایک شفاف طریقہ کار اختیار کرنا چاہیے۔

اسی حوالے سے ایک اور بات کہ ان کے لیے حکومت وقت کیا کر رہی ہے۔ وہ بچے جنہوں نے masters or B.A. نہیں کیا ہوا ہے، تقریباً ایک اندازے کے مطابق 60% وہی لوگ ہیں۔ جناب چیئرمین! ان اسامیوں کو ہم اسی تناظر میں دیکھ رہے ہیں کہ یہ قوم کے لیے نہیں ہو رہا ہے بلکہ یہ ان کی اپنی جیبوں کے لیے ہو رہا ہے اور اگر ایسا نہیں ہے تو ان کو بھی دیکھ لیں جو 60% میں آتے ہیں۔ ان کے لیے حکومت وقت کیا کر رہی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ conclude کر لیں۔

سینیٹر نثار محمد: جناب چیئرمین! یہ میری پہلی تقریر ہے، اس لیے مجھے تھوڑا سا وقت اور دیں۔ ایک اور بات بجٹ کے حوالے سے یہ ہے کہ وزیر اعظم صاحب کا جو خصوصی fund ہے، یہ ایک بہت اچھی بات ہے اور یہ اچھی بات میں طنزیہ کہہ رہا ہوں۔ پچھلی عید کی رات ایک عبدالرحیم نامی شخص جس کی چار بچیاں ہیں، پانچ سو روپوں کی خاطر خود کشی کر رہا تھا اور ادھر 27 ارب کا خصوصی فنڈ وزیر اعظم صاحب کے لیے ہے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ ملک کے کیا حالات ہے؟ ان غریب لوگوں کی کیا حالت ہے؟ یہ رقم قوم کی ہے نہ کہ وزیر اعظم کی ہے۔ اگر وزیر اعظم اس خصوصی فنڈ میں رقم اپنی جیب سے دیں اور ملتان میں استعمال کریں، بیشک کوئی ہائی وے بنا دیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ قوم کے ساتھ زیادتی ہے۔ میرا ذاتی خیال یہی ہے اور تجویز بھی یہی ہے کہ کم از کم اس فنڈ کا کچھ حصہ energy crisis پر خرچ کرنا چاہیے اور کچھ حصہ دہشت گردی میں ہونے والی بیواؤں اور یتیموں پر خرچ ہونا چاہیے۔

جناب والا! ایک اہم نکتہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہے۔ بجٹ کا بنانا میری ناقص رائے کے مطابق ذاتی یا پارٹی کے حوالے سے نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ پورے ملک کی عوام کی فلاح اور بہبود کو سامنے رکھتے ہوئے بنانا پڑتا ہے لیکن میں بہت معذرت کے ساتھ یہ عرض کروں گا کہ یہ بینظیر انکم سپورٹ کے نام پر ہے، بینظیر صاحبہ صرف پیپلز پارٹی کے لیے عظیم اور محترم نہیں تھیں بلکہ پورے پاکستان کے لیے، ہماری پارٹی کے لیے اور ہمارے لوگوں کے لیے بھی قابل احترام اور قابل عزت تھیں اور رہیں گی لیکن میں بہت معذرت کے ساتھ عرض کروں گا کہ کل میرے ایک بھائی بتا رہے تھے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پر بھی اب تنقید ہو رہی ہے۔ حاجی عدیل صاحب جو کہ ان کے اتحادی ہیں اور ان کا تعلق ہمارے صوبے KPK سے ہے، ہم ان کا بہت احترام کرتے ہیں، وہ کل خود بتا رہے تھے کہ میرے حلقے میں مجھے ہی پتا نہیں کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے کن کن کو پیسا ملتا ہے۔ مجھے تو آج تک پتا نہیں چلا۔ جناب والا! کل یہاں پر یہ discuss ہو رہا تھا کہ 750000 لوگوں میں جو کہ first stage تھی، ان کی غلط تقسیم ہو گئی تھی کیونکہ اس وقت system نہیں بنا تھا۔ جب system نہیں بنا تھا تو یہ حالت تھی اب ایک survey کے مطابق یہ تعداد 1300000 سے تجاوز کر چکی ہے۔ اس سلسلے میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن صاحبہ نے یہ کہا ہے کہ Rs.25

billion PPP Parliamentarian کی recommendations پر تقسیم ہو گئے ہیں۔ کیا یہ عوام PPP Parliamentarians کی ہے؟ میرے خیال میں اگر یہ عوام کے لیے پروگرام ہے تو اگر یہ 50 ارب سے 70 ارب کر لیتے تو تب بھی ہم اعتراض نہ کرتے بلکہ ہم کہتے کہ 200 ارب روپے کر لیں عوام کے لیے لیکن یہ پروگرام تو صرف جیالوں کا پروگرام ہے۔ جس طرح میں نے کہا کہ شہید محترمہ ہمارے لیے قابل احترام اور قابل عزت تھیں اور رہیں گی لیکن بہت معذرت کے ساتھ میں اس پروگرام کا نام آج سے تبدیل کر رہا ہوں۔ اس کا نام بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نہیں ہے بلکہ اس کا نام جیالے ویلکم سپورٹ پروگرام ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! ملک میں اور بھی جتنے crises ہیں، ان پر speech کرنا، speech کو چھوڑیں، جو عوام کے دلوں کی بات ہے، شاید الفاظ ہمارا ساتھ ہی نہیں دے رہے ہیں جو میں کہنا چاہتا ہوں۔۔۔۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. You have already taken 25 minutes.

سینیٹر نثار محمد: بس تھوڑی سی اور بات۔ اس وقت ملک میں جو حالت ہے۔ بجلی کو آپ لے لیں۔ اس ملک میں کیا ہو رہا ہے؟ جو ہمارے دوسرے ساتھیوں نے تقاریر کی ہیں، میں اس پر کچھ کہہ نہیں سکتا کیونکہ میرا ذاتی خیال یہی ہے کہ اگر مجھے اس floor پر بات کرنی ہے تو صرف اور صرف غریب عوام کے لیے بات کرنی ہے۔ ہمیں ان لوگوں کا بھی خیال رکھنا چاہیے جن کے پاس پنکھے نہیں ہیں، جن کے پاس بلب نہیں ہے، جن کے پاس بجلی ہی نہیں ہے۔ جناب والا! اس ملک میں جو بجلی کا crisis ہے، آپ دیکھیں کہ 2007 سے 2012 تک بجلی کی پیداوار میں اضافے کا جو plan تھا وہ 11860 MW کا تھا جو اس حکومت نے بنایا تھا لیکن اس پر کتنا عمل درآمد کیا گیا؟ انہوں نے چار سالوں میں کیا کیا؟ انہوں نے بجلی کی پیداوار میں کتنا اضافہ کیا۔ پھر وہی بات آجاتی ہے یعنی کرپشن کی بات۔ جس ادارے میں 900 ارب روپے کی کرپشن ہو۔ ویسے تو اسحٰق ڈار صاحب نے اس پر پوری تفصیل سے بات کی ہے اور اپنی recommendations بھی دی ہوئی ہیں، جو بہت ہی قابل تحسین ہیں۔ میں توانائی کے بارے میں معمولی سی صرف دو چیزوں کے بارے میں بات کرنا چاہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین! before partition ملک کا سب سے پہلا جو بجلی گھر تھا وہ درگئی پن بجلی گھر تھا جو صرف 23 MW بجلی پیدا کرتا تھا۔ اب تو میگاواٹ تو بڑے دور کی بات ہے ہمیں تو ایک

ایک واٹ کی ضرورت ہے۔ اس بجلی گھر میں تھوڑی سی خرابی آگئی اور اس کی repair پر جو cost آ رہی تھی وہ تقریباً 25 سے 30 کروڑ روپے بن رہی تھی۔ جناب چیئرمین! میرے صوبے KPK کے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کو پتا ہے کہ اس حکومت کے رکن نے جو اس ایوان کے ایک بہت اہم عہدے پر فائز ہے اپنے ایک عزیز کو auction میں Rs.45200000/- میں فروخت کر دیا۔ یہ اس ملک کے ساتھ کتنی ناانصافی ہے۔ جبکہ اگر نیا بجلی گھر اس capacity کا لگایا جائے تو وہ چار یا پانچ ارب روپوں میں بھی نہیں لگ سکتا۔ یہ ہیں اس حکومت کے کارنامے۔

دوسری بات، اس ایوان کے ایک معزز رکن جو حکومت میں ایک اہم عہدے پر بھی فائز ہیں، ان کی ایک mill کا بجلی کا Rs.67000000/- bill ہے۔ جناب چیئرمین! اس کی payment کے لیے کیا طریقہ کار اپنایا گیا، Rs.3300/- per month کے حساب سے اس کی installments بنا دی گئی ہیں جو تقریباً 44 سالوں میں جا کر پوری ہوں گی۔ یہ شرم کی بات ہے۔ پھر بھی کہہ رہے ہیں کہ energy crisis ہے۔ اگر یہ crisis نہیں ہوگا تو کیا ہوگا؟

جناب چیئرمین! جس طرح میں نے پہلے ذکر کیا توانائی بحران کے بارے میں، ہمارے قائد حزب اختلاف نے بھی point to point بہت ہی اچھی تجاویز دیں اس توانائی کے بحران کے بارے میں اور میرے خیال میں حکومت کو چاہیے کہ اس پر غور کرے۔ اس بجٹ میں جو main اور focused بات ہے وہ مہنگائی ہے۔ جناب چیئرمین! یہ میری آخری بات ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے air-conditioner کی پرواہ نہیں ہے، بیشک وہ مہنگا سے مہنگا ہو جائے۔ مجھے Land Cruiser کی پرواہ نہیں ہے، مجھے کاروں کی پرواہ نہیں ہے، بیشک یہ سب چیزیں مہنگی ہو جائیں، مجھے اگر پرواہ ہے تو ان 72% لوگوں کی پرواہ ہے جن کی وجہ سے یہ ایوان قائم ہے، جن کی وجہ سے آج ہم اس ایوان کی معزز کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں، جن کی وجہ سے آپ اس معزز کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کے بارے میں ہمیں سوچنا چاہیے۔ 72% وہ لوگ ہیں جو اس مہنگائی کی دلدل میں پھنس رہے ہیں اور متاثر ہو رہے ہیں۔ اس چار سالہ دور حکومت میں اشیائے خور و نوش کی items 320% سے بھی زیادہ مہنگی ہو گئی ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ بتا دیں کہ اس میں ایک غریب بندہ کس طرح زندگی گزارے گا، کس طرح وہ جیے گا۔

جناب چیئرمین! یہاں پر بات ہوئی کہ جو Rs.6000/- سے کم آمدنی والے ہیں ان کا تناسب 72% ہے لیکن میں آپ کو یہ بات بتانا چاہتا ہوں کہ ہم تو 20% pay increase کر

دیتے ہیں، یہ بہت اچھی بات ہے، وہ لوگ بھی ہمارے بھائی ہیں، اس قوم کے بچے ہیں اور ملک کے عوام ہیں لیکن ان 72% عوام کے لیے کیا کیا جا رہا ہے جو دیہاڑی دار ہے، جو ریڑھی والا ہے، ان کے لیے یہ حکومت وقت کیا کر رہی ہے۔ میں اس مہنگائی کی ایک مثال دے رہا ہوں، جبکہ یہاں تو بہت بڑی بڑی باتیں ہو گئی ہیں کہ ملک کے حالات بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں، ملک صحیح سمت میں جا رہا ہے، یہاں پر کوئی گڑ بڑ نہیں ہے، یہ اپوزیشن نے ویسے ہی واویلا مچایا ہوا ہے۔ جناب والا! چھ ہزار روپے آمدنی والے لوگ جو اس ملک کی آبادی کا 72% ہیں ان کا بجٹ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ ایک کلو دودھ جو کہ ستر روپے کا ہے جو چھ بندوں کے لیے ہے جس میں چار بچے اور دو میاں بیوی اور اس ایک کلو دودھ کی قیمت ستر روپے ہے۔ اسی طرح تین کلو آٹا درکار ہوتا ہے اگر دو وقت کی روٹی وہ کھائیں اور تین کلو آٹا Rs.96/- کا ہے۔ پھر چائے کی پتی ہے جو پورے دن میں اگر بیس روپے کی چائے استعمال کریں۔ یہ باتیں ذرا غور سے سنیے جناب چیئرمین! یہ عام باتیں نہیں ہیں۔ جناب جہانگیر بدر صاحب! آپ بھی غور سے سن لیں۔ میں نے کیا کہا ہے۔ آپ کس لیے بیٹھے ہیں اس ایوان میں۔ میں نے کیا کہا ہے، آپ مجھے وہ بتا دیں۔ ہم یہاں پر صرف باتیں سننے کے لیے تو نہیں آتے ہیں۔ آپ بتائیں میں نے کیا کہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مہربانی کر کے آپ cross talk نہ کریں۔ اب آپ conclude کر لیں۔ because you have already taken 35 minutes.

سینیٹر نثار محمد: جناب والا! تین کلو آٹا Rs.96/- کا، چائے کی پتی Rs.20/- کی، گڑ کی قیمت Rs.30/- اور دودھ کی قیمت Rs.70/- کا ہے۔ یہ کل بن گئے .Rs.216/- یہ ان 72% لوگوں کا بجٹ ہے۔ اگر آپ ان کی آمدنی دیکھیں تو وہ Rs.6000/- کے حساب سے Rs.200/- روزانہ کی ہے۔ باقی ان کی medicines کا کیا ہو گا؟ ان کے کپڑوں کا کیا ہو گا؟۔

جناب چیئرمین! آپ بتائیں کہ کیا ہو گا؟ کچھ لوگ تو ایسے بھی ہیں کہ جن کی income تو کچھ بھی نہیں ہے۔ آپ یقین کریں کہ پچھلے دنوں ایک بندہ جو ایک باعزت آدمی تھا اس نے مجھے بتایا کہ بائیس سال میں، میں نے اور میرے گھر والوں نے، میرے بچوں نے اپنے بنائے ہوئے کپڑے نہیں پہنے ہیں۔ دوسرے لوگ جو دیتے ہیں وہ پہنتے ہیں۔

جناب چیئرمین! جیسے میں نے ذکر کیا کہ ایک طرف تو عبدالرحیم نامی شخص جس کے چار بچے ہیں وہ پانچ سو روپے کی خاطر خود کشی کر رہا ہے۔ یہ اس ملک میں کیا ہو رہا ہے؟ دوسری طرف مہنگائی کی یہ صورت حال ہے تو ہمیں اس پر focus کرنا چاہیے کہ ہم غریب عوام کے لیے کیا کریں۔ میری ذاتی تجویز ہے کہ Prime Minister Fund کے خصوصی حوالے سے کم از کم اگر کچھ اس توانائی crisis میں کر سکتے ہیں تو کریں ان غریبوں کے لیے۔خاص طور پر ہم جو یہ بجٹ دیکھ رہے ہیں اس میں ان لوگوں کے لیے کچھ کرنا ہے۔ میرے KPK کے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، فاٹا کے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، ایک سروے کے مطابق اگر 69 billion losses ہوتے ہیں تو 35% تو KPK and FATA کی طرف سے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس میں فاٹا کے لیے تو فنڈ رکھا ہوا ہے۔ بلوچستان کے لوگ بھی ہمارے بھائی ہیں۔ ہم انتہائی خوش ہیں کہ ان کا بھی حق ہے انہیں بھی دیا جائے لیکن مالاکنڈ ڈویژن کے لیے اس میں کچھ نہیں رکھا گیا ہے۔ میں مالاکنڈ ڈویژن کی ضرورت کی بات نہیں کر رہا ہوں سب سے اہم بات یہ ہے کہ 850 وہی families جن کے والد، سرپرست اور بڑے دہشت گردی کا شکار ہو گئے، ہم کہتے ہیں کہ وہ مارے گئے ہیں، یہ غلط ہے یا ٹھیک ہے لیکن مارے گئے ہیں، ختم ہو گئی بات، یہ وقت ہی ثابت کرے گا کہ وہ ٹھیک تھے یا غلط تھے لیکن اسامہ جس کو دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد سمجھا جاتا ہے، اس کے لیے تو سعودی حکومت special flight بھیج کر اس کے بچوں کو سعودی عرب لے کر جا رہی ہے اور ان 850 بچوں کے لیے، یتیم بچوں کے لیے، بیواؤں کے لیے حکومت وقت کیا کر رہی ہے؟ ان کے لیے کیا plan ہے؟ جناب چیئرمین! آپ بتائیں کہ ان کی کیا غلطی تھی؟ باپ غلط تھا یا ٹھیک تھا وہ چلا گیا مگر آپ کے پاس ان کے لیے کیا پلاننگ ہے؟ خدا کے لیے ان لوگوں پر focus کریں۔ وہ ہمارے اپنے بچے ہیں، اس قوم کے بچے ہیں۔ ان کے والد غلط تھے مگر یہ بچے تو غلط نہیں تھے۔

جناب چیئرمین! یہ بڑی serious بات ہے اور serious issue ہے۔ اس کی طرف ضرور توجہ دینی چاہیے۔ میری اپنی سوچ ہے کہ اس ملک کا سب سے بڑا ناسور کرپشن ہے، بلکہ بہت معذرت کے ساتھ، اس فلور پر یہ بات کرنا مناسب بھی نہیں ہے لیکن اگر پاکستان کا دوسرا نام خدانخواستہ رکھنا پڑے تو وہ نام "کرپشن" ہوگا۔ کرپشن تو آسان سا لفظ ہے اس کے لیے اور کونسا لفظ تلاش کیا جائے، جو اس ملک کے ساتھ ہو رہا ہے۔

میں دوبارہ ذکر کر رہا ہوں کہ ان کے ایک tour پر سولہ اور بیس بیس کروڑ خرچ ہو رہے ہیں اور دوسری طرف ان بچوں کے لیے کیا ہے؟ خدارا! اس قوم پر رحم کریں۔ جس طرح میں نے پہلے ذکر کیا اور قرآن پاک کی آیت پڑھی کہ وتعز من تشاء وہ تزل من تشاء، اس کے بیچ بہت ہلکا سا پردہ ہے۔ عزت اور ذلت جڑے ہوئے ہیں۔ اگر ان عوام نے عزت دی ہے تو ذلت بھی اس کے ساتھ ہے۔ ہر بات کا جواب نہیں ہوتا کہ میری speech کے بعد کوئی بھائی کھے کہ اس نے یہ کر دیا اور دوسرے نے یہ کر دیا یہ ہر بات کا جواب نہیں ہوتا۔ انسان کے اندر بھی کچھ انسانیت ہونی چاہیے۔ ان باتوں کو تسلیم کرنا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح آپ کو علم ہے کہ already تمام اداروں کی پوزیشن اس وقت تباہی کے دہانے پر چلی گئی ہے۔ ہماری پارٹی کا موقف تھا، ٹھیک ہے، ہم ان سب باتوں کے باوجود پارلیمنٹ کی کارروائی کو چلاتے رہے اور ساتھ ساتھ چلتے رہے ہیں۔ آج بھی اگر ہم اس بجٹ تقاریر میں حصہ لے رہے ہیں تو صرف اور صرف اس قوم کی خاطر ورنہ یہ نااہل حکمران ہیں اور نااہل وزیراعظم ہے جس کی کابینہ معطل ہو چکی ہے۔ نہ وہ ہمارے وزیراعظم ہیں، نہ اس ملک کے وزیراعظم ہیں اور نہ رہیں گے کیونکہ جب سپریم کورٹ نے already اس کو نااہل کیا ہوا ہے، اس کی کابینہ نااہل ہو چکی ہے تو میرے خیال میں اس کو فنڈ دینے کا کوئی حق نہیں ہے اور ہم اس بات پر احتجاجاً واک آؤٹ کر رہے ہیں۔

(اس موقع پر مسلم لیگ (ن) ہاؤس سے واک آؤٹ کر گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بدر صاحب۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر (قائد ایوان): جناب چیئرمین! میں ان سے درخواست کروں گا کہ دوسروں کو بھی سنیں۔ انہوں نے جو بات یہاں پر کی ہے، میں as a Leader of the House آپ کو suggest کرتا ہوں کہ Leader of the Opposition آتے ہیں تو میں ان سے بات کروں گا کہ اس بجٹ اجلاس کے بعد ہم ملکی اکانومی پر اس ہاؤس میں discussion کریں۔ اگر ان کے پاس ایسے حقائق ہیں اور کوئی specific ثبوت ہیں جو یہ یہاں پر data پیش کرنا چاہیں کہ کن لوگوں نے پاکستان کو لوٹا تو پھر یہاں پر یہ بھی تیاری کے ساتھ آئیں اور ہم بھی تیاری کے ساتھ آئیں گے اور میں بھی اس میں کچھ contribute کرنا چاہوں گا۔ وہ تمام ادوار جن میں جن مختلف لوگوں نے

مختلف آمریتوں کے ساتھ مل کر ملک کو لوٹا، جناب چیئرمین! میرے پاس اس کا ریکارڈ ہے۔ میں پچھلے چالیس سالوں میں ایک ہی طرح کے لوگوں کو ہر حکومت میں آنے والوں کی شکلیں دکھا سکتا ہوں اور ان کے اثاثے بتا سکتا ہوں۔ and they should be on record یہاں پر جن لوگوں نے قرضے لیے، جن لوگو ں نے قرضے معاف کروائے، آپ اس میں خود interest لیں اور Leader of the Opposition بھی میدان میں آئیں اوروہ بتائیں کہ کون لوگ ہیں جنہوں نے یہاں پر بنکوں کے ذریعے ملکی دولت کو لوٹا ہے اور قرضے معاف کرائے ہیں۔ ان کے نام ظاہر کیے جائیں اور ان سے قرضے واپس لیے جائیں۔

یہاں پاکستان کی population میں ایک فی صد سے کچھ زیادہ لوگ ٹیکس دیتے ہیں۔ کہاں ہیں وہ سرمایہ دار اور جاگیردار اور بااثر خاندان جو ہر دو چار سال کے بعد ایک نودولتیا کلاس کی شکل میں ملک کی دولت پر قبضہ کرنے نئی شکلوں کے ساتھ آجاتے ہیں۔ آپ ان سے پوچھیں and bring them on the record. کہ وہ یہاں پر اپنے اثاثے بھی بتائیں اور یہ بھی بتائیں کہ پچھلے سالوں میں کس کس نے ٹیکس دیا اور یہ خود بھی اپنے متعلق بتائیں۔ یوں صرف government پر الزام لگادینا اور پاکستان پیپلز پارٹی کے متعلق کہہ دینا، پاکستان پیپلز پارٹی میں پاکستان کی feudal politics میں کچھ لوگ تو یہاں پر ایسے ہو سکتے ہیں جو جاگیردار ہوں اور سیاست میں آگئے ہوں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے 80% کارکن آج معاشی بدحالی کا شکار ہیں۔ آج مہنگائی سے متاثر سب سے زیادہ ہم لوگ ہیں۔ جو لوگ یہاں پر صرف symbolically نام استعمال کرکے پاکستان پیپلز پارٹی کو بدنام کرنے کی کوشش کررہے ہیں، ہاؤس، میں لیڈر آف دی اپوزیشن کا فرض ہے کہ وہ اپنی جماعت کو بھی بچائیں اور ہماری تاریخ بھی مسخ نہ کریں اور بیٹھ کر یہاں اکانومی پر بحث کریں۔

I would like to contribute in this respect and thank you Mr. Chairman.

Mr. Presiding Officer: I think it is a good suggestion that after this session we should sit with the Leader of the Opposition and chalk out the agenda that we may discuss on Pakistan's economy and all should come up with their suggestions. Yes, Ahmed Hasan *sahib.*

سینیٹر احمد حسن: جناب والا! ان کا طریقہ کار یہ رہا ہے کہ اپنی بات کر کے بھاگ جاتے ہیں۔ دوسرے کی بات سننے کا ان میں حوصلہ و صلاحیت ہی نہیں ہے۔ میں کے پی کے سے تعلق رکھتا ہوں۔ مجھے علم ہے کہ مالا کنڈ ڈویژن، جہاں سے میرے دوست کا تعلق ہے، میں ترقی کا کیا حال ہے۔ کے پی کے میں موجودہ حکومت کی اصلاحات کی وجہ سے اس سال کے آخر میں انشاء اللہ تعالیٰ بجلی کی کیا حالت ہو گی اور ترقی کا کیا ہو گا۔ جن کی حکومتوں میں کے پی کے تباہ ہوا ہے، وہ سب اگر سن لیتے تو پھر آپ فیصلہ کرتے اور غیر جانبدار لوگ فیصلہ کرتے کہ کم از کم کے پی کے اور مالا کنڈ ڈویژن کے ساتھ ان کا رویہ عوام دشمن ہے، وہ آج میں بتا دیتا لیکن اب ہم کیا کریں۔ آپ مہربانی کر کے اس کے لیے کوئی طریقہ نکالیں۔ یہ تو ہمیں اپنی بات بتا کر چلے جاتے ہیں، بھاگ جاتے ہیں اور ہمیں نہیں سنتے۔ اگر یہ ہمیں نہیں سنتے تو ہم ان کو بھی سننے نہیں دیں گے کیونکہ ہم بھی بات کرنا جانتے ہیں۔ ہم شریف لوگ ہیں۔ اب اگر وہ مجھے دیکھ کر کہتے ہیں کہ کے پی کے کی طرف سے کوئی بات کرتا ہے تو وہ اپنے ضمیر کو جھنجھوڑے۔ میں آج ان کے ضمیر کو جھنجھوڑنے والا تھا۔ میں جذباتی آدمی نہیں ہوں۔ آپ دیکھ رہے ہیں۔ میں ایم این اے رہا ہوں۔ میرے ساتھ بیٹھے ہوئے سینیئر پارلیمنٹیرینز کو پتا ہے۔ شیرانی صاحب کو پتا ہے۔ ہماری لیڈر شپ کو پتا ہے کہ جب محترمہ شہید بے نظیر بھٹو صاحبہ اپوزیشن میں ہماری قائد تھیں۔ ہم ان کے ساتھ تھے۔ اس وقت کی حکومت میں جب بھی بی بی تقریر کرتیں، اس کے بعد ایک آدمی کو تیار کر کے بٹھایا جاتا اور وہ گالیوں کی حد تک چلا جاتا۔ آج ہماری شرافت کی کیا حالت ہے اور آج ان کی بزدلی کی یہ حالت ہے۔ وہ سن لیں اور بیٹھیں۔ اپنے میں اس کا حوصلہ پیدا کریں۔ بے شک ڈار صاحب کی طرح تقریر کریں۔ دلائل دیں۔ اگر کوئی شخص ڈسٹرکٹ کونسل درجے کی اہلیت رکھتا ہے اور اس کو اگر کوئی نیم خواندہ شخص نوٹ تھما کر دے دیتا ہے کہ جا کر تقریر کریں اور اسے بجٹ کی ابجد کا بھی پتا نہیں ہوتا۔ خدا کے لیے اسے discourage کریں اور ہمیں پارٹی لیڈر شپ اجازت دے دے اور ہمیں ٹائم دیں کہ ہم جس صوبے سے آئے ہیں، اس صوبے کی ترقی کے حوالے سے بات کریں کہ کب کیا ہوا ہے، کب کیا نہیں ہوا۔ آج کیا ہو رہا ہے اور آج اس صوبے کی کیا حالت ہے، گدون امازئی کو کالا ناگ کس نے کہا تھا اور کس کی حکومت میں کہا تھا؟ کیوں کر کسی نے لواری ٹنل کے منصوبے کو بند کیا تھا جو شہید بے نظیر بھٹو، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے شروع کیا تھا اور اسی نقشے، اسی ڈیزائن پر اب دوبارہ کام شروع ہوا ہے۔ کس نے بند کیا تھا؟ جنرل ضیاء الحق نے بند کیا تھا۔ جنرل ضیاء الحق کا

blue-eyed کون تھا؟ جو ہمارا لیڈر آف دی اپوزیشن ہے۔ یہ سب باتیں ہم جانتے ہیں۔ یہ ہم کہنا نہیں چاہتے کیونکہ یہ بہت بڑا اادارہ ہے۔ اس کا اپنا ایک وقار ہے۔ اس میں بات کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ اس میں لوگوں کو گالیاں دینا، اس میں صرف خرابی کی بات کہنا، یہ ہماری ترقی کے راستے میں رکاوٹ ہے۔ آج بھی دو ڈیمز کو اربوں کروڑوں روپے ملے ہیں۔ ایک منڈا ڈیم کو نہیں ملے۔ ہمارے اپنے بھائی نے تجویز کیا ہے کہ اس کو بھی دے دیں۔ کل مجھے کمیٹی کے چیئرمین زاہد خان صاحب نے کہا تھا کہ مالاکنڈ کے گرڈ اسٹیشن کی up-gradation کے لیے اس سال اسّی کروڑ روپے منظور ہوئے ہیں۔ مالاکنڈ ایجنسی اور پورے سوات میں بشمول دیر میں سوئی گیس کا منصوبہ کس نے منظور کیا ہے اور کس کے کہنے پر اس پر کام ہو رہا ہے؟ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں۔ میں تھوڑا جذباتی ہو گیا۔ میں شریف آدمی ہوں۔ میں دلیل سے بات کرتا ہوں لیکن یہ کیا بات ہے کہ آدمی اپنی بات کر کے چلا جاتا ہے اور بھاگ جاتا ہے۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ یہ جو کچھ کہہ رہا ہے، غلط کہہ رہا ہے اور کوئی اس کے بعد کہنے والا ہو گا، جو غلط کو غلط ثابت کرے گا اور ٹھیک کو ٹھیک ثابت کرے گا۔ میں ڈپٹی سپیکر رہا ہوں، لاء منسٹر رہا ہوں، میں ڈسٹرکٹ کونسل کا چیئرمین اور آخری ناظم رہا ہوں۔ مجھے فخر ہے کہ میں شہید بے نظیر بھٹو کے پہلو میں جو لیڈر آف دی اپوزیشن تھیں ان کے ساتھ کام کر چکا ہوں۔ میں بات کرنے کا طریقہ جانتا ہوں۔ میرے دوستوں کو پتا ہے۔ مجھے جانتے ہیں۔ اب بھی اپوزیشن کے سینیئر پارلیمینٹیرینز جب بھی مجھ سے ملتے ہیں، میرا بہت زیادہ خیال رکھتے ہیں۔ میں ان کا احترام کرتا ہوں۔ میں نے ڈار صاحب کی ہر بات سنی ہے۔ میں نے اس سے نوٹ لیے ہیں۔ میں نے ان کو سمجھا ہے۔ میں نے ان کے ویژن کو سمجھا ہے اور اگر موقع ملا تو اپنی پارٹی کی لیڈرشپ کے ساتھ میٹنگ میں ان کی باتوں پر کچھ نہ کچھ بات کروں گا۔ یہ مثبت باتیں ہیں۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی وجہ سے ان کے پیٹ میں مروڑ کیوں ہے؟ ہم کوئی اور کام نہ بھی کریں، انشاء اللہ تعالیٰ اس ایک فلاحی سکیم کے ذریعے آئندہ ہماری حکومت آئے گی۔ اتحاد کی حکومت کی وجہ سے مروڑ کیوں ہے؟ اگر کوئی غلطی ہے، تو سروے میں ہوا ہے، گھروں میں جا کر لوگوں کا ایک تجزیہ تیار کیا تھا کہ کس کا گھر ہے، پکا ہے، کچا ہے، کتنے کمرے ہیں، کہاں ہے، ایرکنڈیشنر ہے، سائیکل ہے، موٹر سائیکل ہے، تنخواہ ہے، بچے ہیں، بیوی ہے، dependents ہیں، independents نہیں ہیں؟ ایک تجزیے کے تحت آیا ہے۔ اگر آپ انہی غلط لوگوں کو بٹھا دیتے ہیں اور کمپیوٹر کے غلط consultants لگا دیتے ہو جو لوگوں کو غلط تعلیم دیتے ہیں اور ان کے غلط نتائج آتے ہیں تو کیا ہم ذمے دار ہیں؟ میں وہاں گیا تھا۔ میں کہتا ہوں کہ میں کسی اور کو

نہیں جانتا۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں اس سکیم کا سربراہ ایماندار ترین، شریف ترین اور قابل ترین شخص ہے۔میں خود بھی گیا تھا کہ اس میں تو بعض غریب لوگ رہتے ہیں۔ اس نے کہا آپ ان کی نشاندہی کریں۔ ہم لوگوں سے پوچھیں گے۔ یہ نشاندہی کریں۔ یہ نہیں دیکھتے کہ کون رہ گیا ہے، کون غریب ہے؟ ان کو غریبوں کا خیال نہیں ہے۔ یہ اس حکومت کی برائیوں کو گن رہے ہیں، کیا چیف منسٹر پنجاب کے پاس discretionary fund نہیں ہے؟ پنجاب میں کیا ترقی ہوئی ہے، کیا پنجاب کو انہوں نے جنت بنایا ہے، جہاں دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں، وہ ہمیں بتائیں کہ کہاں بہہ رہی ہیں۔وہاں کیا صورت حال ہے۔وہاں ہڑتالیں کیوں ہو رہی ہیں۔وہاں کا چیف منسٹر ان کی leading کیوں کر رہا ہے۔ اس لیے کہ ان کے پاس بھی دلیل نہیں ہے۔ وہ بھی لوگوں کے جذبات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے الیکشن کے لیے تیاری کر رہے ہیں۔ لوگ جانتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کے سامنے کیا مشکلات تھیں۔ کن چیلنجوں کا سامنا تھا۔ ان مشکلات اور چیلنجوں کے دوران پیپلز پارٹی کی حکومت نے اپنے ساتھیوں کے کندھے سے کندھا ملا کر ترقی کی جو راہ اختیار کی ہے، اس کا نتیجہ تو ان پانچ سالوں میں سامنے نہیں آئے گا اور جو آئینی اصلاحات ہوئی ہیں، کیا ان کا فائدہ اب ہو گا؟ نہیں۔ ابھی بھی فائدہ ہوا ہے اور انشاء اللہ و تعالیٰ آئندہ مزید فوائد سامنے آئیں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کو اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت دی ہے۔ ۱۹۷۳ء کا آئین بھی انہوں نے بنایا تھا اور متفقہ بنایا تھا۔ اس میں مفتی محمود صاحب تھے۔ اس میں ہمارے بزرگ سیاستدان ولی خان صاحب تھے۔ اس میں سب سیاستدان تھے۔ تب بھی انہوں نے متفقہ آئین تیار کیا تھا۔ یہ جس کے وفادار ہیں، اس نے آئین کو بگاڑا تو پاکستان پیپلز پارٹی اور شہید بے نظیر کا یہ ویژن ہے اور یہ اس کے اتحادیوں کی برکت ہے کہ اس بگاڑے ہوئے آئین کو ہم نے کیا اور ملک اس ڈگر پر چل رہا ہے۔ ہم کہتے ہیں آئیں اور الیکشن کو face کریں۔ اگلے سال مارچ کے بعد انشاء اللہ الیکشن ہوں گے۔ کل خورشید صاحب نے کہا ہے کہ اگلے سال تیس مارچ کو اسمبلیاں dissolve ہوں گی پھر انشاء اللہ تعالیٰ دو مہینوں میں الیکشن ہوں گے۔ جائیں اور لوگوں کو ہماری برائیاں بتائیں۔ ہم بھی لوگوں میں جائیں گے اور اپنی اچھائیاں اور آپ کی برائیاں بھی بتائیں گے اور یہ ہمارے minus points کیا ہیں اور وہ کیونکر ہیں۔ ان کی وجوہات کیا ہیں۔ جناب والا! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں۔ چیئرمین صاحب، ڈپٹی چیئرمین صاحب اور ہر اس سے جو اس کرسی صدارت پر بیٹھتا ہے، سے درخواست کرتا ہوں اگر ان میں ہماری بات سننے کی صلاحیت نہیں ہے اور اگر یہ ہماری بات نہیں سننا چاہتے اور اگر یہ سچ سننے کی بجائے بھاگ جاتے ہیں تو پھر ہم ان کو بھی بات نہیں

کرنے دیں گے۔ یہاں ان کی اقلیت ہے تو ایک اور طریقے سے بات کر جاتے ہیں، احتجاج کر جاتے ہیں۔ اپنی بات بھی کر جاتے ہیں پھر بھاگ بھی جاتے ہیں۔ وہاں کچھ تعداد میں ہیں زیادہ تو ان کی ہلڑ بازی کا تماشا ساری دنیا دیکھ رہی ہے۔ جناب والا! یہ کیا ہے۔ انہوں نے یہ بات تو ہزار بار کہہ دی ہے، یہ بات تو اب Supreme Court میں ہے جواب اپنے منطقی انجام کو پہنچ جائے گی۔ اس وقت تک تو ان کو صبر کرنا چاہیے۔ کیا کیا جائے؟ کل اپنی حکومت میں ہمارے علاقے کی Industrial Estate گدون امازئی کو کالا ناگ کہتے تھے۔ کل ان کی حکومت میں لواری ٹنل بند کر دی گئی تھی، آج چترال میں grid station ہے۔ جناب والا! National Grid station کا حصہ چترال میں ہے۔ اس سال صوبہ KPK انشا اللہ 3000 mega watt بجلی پیدا کرے گا۔ یہ کارکردگی ہوتی ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ گھاس، پھونس سے بجلی بنائیں گے، کبھی کہتے ہیں کہ اس کی قیمت یہ ہے اور کہتے ہیں کہ آئین میں اجازت نہیں ہے۔ جب آئین میں اجازت نہیں ہے، آئین کو ٹھیک کرتے وقت تو آپ دیکھ رہے تھے، اس وقت آپ نے یہ بات کیوں نہیں بتائی؟ اب کہہ رہے ہیں کہ آئین میں اجازت نہیں ہے۔ نہ کرنے کو ہزار بہانے اور جو کرنا چاہتے ہیں تو اس کے بھی ہزار بہانے۔ میں ایک صوبے سے تعلق رکھتا ہوں اگرچہ مجھ پر federation کے حوالے سے ذمہ داری ہے لیکن مجھے ایک صوبے نے یہاں اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے بھیجا ہے۔ اس صوبے، اس کی حکومت اور opposition کے حوالے سے اگر کوئی اچھی بات ہے تو میں وہ بھی بتاؤں گا اور اگر کوئی بری بات ہے تو اس پر بھی ان کے ساتھ بحث مباحثہ کروں گا اور ان کو قائل کروں گا۔ حوصلہ ہونا چاہیے۔ صوبہ پختونخوا میں جو کچھ ہو رہا ہے، سوئی گیس کی کیا حالت ہے؟ اس کے باوجود آپ زاہد خان صاحب سے پوچھیں کہ ان کے ضلع اور پورے مالاکنڈ division میں کیا ہو رہا ہے۔ میں ان کو بتاتا ہوں کہ کیا ہو رہا ہے۔ آج مالاکنڈ ایجنسی جس کی پسماندگی کی یہ شکایت کر رہے ہیں، وہاں پر مشہور ہے کہ جن چار، پانچ اضلاع میں سب سے زیادہ ترقیاتی کام جہاں ہو رہے ہیں، ان میں سب سے زیادہ کام مالاکنڈ ایجنسی میں ہو رہا ہے۔ جناب والا! ہمیں علم ہے، اگر ان کو سیلاب، زلزلہ، بدامنی کی تباہ کاریاں نظر نہیں آتیں اور آرمی operation کی وجہ سے لوگوں پر جو گزر رہی ہے، وہ نظر نہیں آتا اور ان کو صرف negative points نظر آرہے ہیں اور کہتے ہیں یہ اچھی بات ہے لیکن اس میں یہ بری بات ہے، میں نہیں سمجھتا کہ اچھی بات میں بری بات کہاں سے آگئی۔ ناں، ناں، نہ مانوں، نہ مانوں والی بات۔ جناب والا! میں آپ سے بصد احترام التماس کرتا ہوں کہ جب ہم جیسے لوگ جذباتی ہو جاتے ہیں تو پھر اچھا نہیں ہوتا اور system کو نقصان پہنچتا ہے۔ آپ نے control کرنا ہے، ان کو بتانا ہے، ان

کو بلانا ہے، ان کی بات کو سننا ہے۔ آپ سے میری مراد آپ کی ذات بھی ہے اور اس کرسی صدارت پر جو بھی بیٹھتا ہے، ان کی طرف اور چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین کی طرف بھی ہے -----۔ پھر دیکھتے ہیں mediaوالے لوگ بیٹھے ہیں۔ ہر طرف صاحب بصیرت لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ سمجھنے والے لوگ---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا موقف آ چکا ہے، اب آپ please بیٹھ جائیں۔ شکریہ۔ میں سمجھتا ہوں کہ سنانے کے ساتھ ساتھ سننے کا حوصلہ ہونا چاہیے۔ روبینہ خالد صاحبہ۔

Senator Robina Khalid: I just want to make correction on the floor of the House.

and he is not here to listen the ہمارے محترم دوست اپنی تقریر کر کے چلے گئے ہیں Benazir Income Support انہوں نے کہا کہ answers that we have. which is صرف پاکستان پیپلز پارٹی کے parliamentarians کے لیے بنایا گیا ہے Programme it is بالکل سفید جھوٹ ہے کیونکہ جس وقت یہ programme launch کیا گیا totally a lie. these forms were distributed to all اور آپ اس کو verify کر سکتے ہیں کہ the fact MNAs and members of the Parliament regardless of which party they belong to. So please this correction should be made.

Mr. Presiding Officer: Thank you for correcting the record. Dhamrah *Sahib.*

سینیٹر مختار احمد دھامرا: جناب! میں سندھ سے تعلق رکھتا ہوں اور سندھ اسمبلی ایک معزز ادارہ ہے۔ اس کے بائیس MPAs کے ووٹ لے کر میں اس معزز ایوان میں پہنچا ہوں۔ وہ سندھ اسمبلی جس نے پہلی مرتبہ پاکستان کی حمایت میں قرارداد منظور کی تھی۔ بدقسمتی سے آج اس ملک کی بہت بڑی پارٹی ہونے کی دعویدار ایک پارٹی اور وہ جو اداروں کا احترام کرنے کے دعوے کرتے ہوئے نہیں تھکتی اور چوبیس گھنٹوں میں سے نیند کے آٹھ گھنٹے نکال کر حکومت پر تنقید کرتی ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت اداروں کا احترام نہیں کرتی۔(X[1]XX)

---

[1] XXX [*Expunged by the orders of Presiding Officer.*]

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہاں پر ایک parliamentarian کے لیے ایک لفظ ++ ++استعمال کیا گیا۔ اس کو expunge کیا جاتا ہے۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: جناب چیئرمین! میں نے ابھی تجویز دی تھی اور میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میری تجویز کا notice لیا ہے۔ میری 2nd suggestion آج، اسی وقت یہ ہے کہ آج کی economy جس پر آپ یہاں پر بحث کرنا چاہتے ہیں اور دنیا کی آج کی politics ایک ہی definition میں گھل مل گئی ہے and that is called the political economy. میری درخواست ہے کہ یہاں پر current situation پر تو ہمیشہ بحث ہوتی ہے لیکن بہت کم ایسی responsibilities پر بحث ہوتی ہے جو تاریخ نے دوسروں کے کندھوں پر ڈالی ہوں۔ میری دوسری suggestion یہ ہے کہ اس ایوان میں economy کے بعد role of the political parties پر ایک discussion کرائیں to organize the economy and to organize the political parties i.e. politics to convert it to the modern definition of political economy. اس House کے لیے بہت ضروری ہو گا تا کہ آئندہ پاکستان میں جمہوریت کے تسلسل کے لیے sense of direction کا تعین کیا جا سکے ورنہ یہاں پر کئی political leaders اتنے ذمہ دار ہونے کے باوجود جمہوریت کی نفی کر رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان میں جمہوریت پر یقین رکھنے والے اور جمہوریت پر یقین نہ رکھنے والوں کے درمیان کشمکش ابھی اپنے حتمی اور final نتیجہ پر نہیں پہنچی۔ اس لیے یہاں پر ایک ایسی بحث کرنا اور سیاسی پارٹیوں کو اپنا role جمہوریت میں تعین کرنا is very important. Mr. Chairman, I suggest you کہ اس پر بحث کریں اور اس پر deliberation کرنا، it is very important for the future generation of Pakistan and the democracy, thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب اسحٰق ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحٰق ڈار: شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ جناب چیئرمین! یہاں پر ہمارے ساتھی کافی senior Parliamentarians بھی ہیں اور without giving any negative impression کچھ نئے ساتھی بھی شامل ہوئے ہیں۔ ہمیں اپنی روایات، اپنے rules, قانون اور آئین کی حفاظت کرنی ہو گی، ہم سب کی یہ ذمہ داری ہے، collective responsibility ہے، چاہے ادھر بیٹھے

ہوں یا وہاں بیٹھے ہوں۔ آپ میں کافی seniors ہیں اور آپ کو budget process کا پتا ہے، budget process میں تقاریر پر ایک، ایک Member کو اجازت نہیں ہوتی کہ وہ ہر ایک point پر اٹھ کر اس کو negate کرے، they wait for their turn of the speech and say whatever want to say. میں سمجھتا ہوں کہ آپ نئی روایات لکھ رہے ہیں، کم از کم 20 سالہ تاریخ میں میری پانچویں term ہے، میں نے اس طرح کا budgetary process نہیں دیکھا جس طرح اس وقت اس ایوان میں چل رہا ہے جو کہ پاکستان کا ایوان بالا ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ budget کی تقاریر کا process as per the traditions of Parliament of Pakistan جو کہ دہائیوں سے چل رہا ہے، مہربانی کر کے اس کو observe کیا جائے۔

نمبر 2 ہے کہ میں سمجھتا ہوں، بغیر حقائق جانتے ہوئے کسی پر انگلی اٹھانا، ہماری اپنی یہاں پر rulings ہیں کہ ہمارے وہ colleagues جو یہاں نہیں ہیں، ان کے بارے میں by name remarks نہیں دیے جاتے۔ آپ پر سب دونوں Houses کے لوگوں پر ایک دوسرے کا احترام کرنا لازم ہے، اگر آپ احترام نہیں کریں گے تو کل میرے، جہانگیر بدر صاحب اور دوسرے اراکین کے متعلق National Assembly میں باتیں ہوں گی۔ یہ mutual respect کی بات ہوتی ہے، یہ House کی respect ہے، یہ House کی tradition ہے، یہ کوئی business نہیں ہے کہ جو کوئی چاہے کھڑا ہو جائے اور جس کے بارے میں بات کرنا شروع کرنا چاہے، شروع کر دے۔ آپ جس کرسی پر بیٹھے ہیں، آپ کی اس معاملے میں ذمہ داری ہے کہ آپ House کو صحیح conduct کریں۔ Honourable Leader of the Opposition of the National Assembly cannot be questioned, cannot be criticized in this House, Peoples Party دوسرے House میں موجودہ ہے، ماشاء اللہ ان کے وہاں پر 120 ارکان موجود ہیں، وہاں پر ان کے allies بھی موجود ہیں، they are most welcome to talk in lower House لیکن یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، اگر ہم آج یہ روایت ڈالیں گے۔ آپ کو پتا ہے کہ کئی مہینوں سے ایک privilege motion چل رہا ہے، اس پر legal بحث ہو چکی ہے، اس پر آئینی بحث ہو چکی ہے۔ اس House میں کچھ ممبران نے جذبات میں ایک National Assembly کی Member کے خلاف privilege motion move کیا تھا، وہ بھی زبانی تھا۔ خدا کے لیے! it is an evolutionary process, we must be seen to be improving things, we must be

seen taking this country forward but we are going backward but we go one step forward, we go ten steps backward. یہ روایت ختم ہونی چاہیے۔ جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ ایک ہمارا اپنا ہاؤس ہے، دوسرا یہ کہ پاکستانی پارلیمانی تاریخ میں ہر Provincial Assembly قابل احترام ہے، ہر Provincial Assembly قابل عزت ہے، ہم سب کو ایک دوسرے کا احترام کرنا ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ سینیٹ میں بیٹھ کر خیبر پختونخوا Assembly کے کسی Member کے خلاف بات کریں جب ہم میں ایک دوسرے کے احترام کا رشتہ نہیں ہو گا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں ایک chaos پیدا ہو گا جو کہ ہو چکا ہے۔ ہماری ایسی immature and untrained newly روایات بن رہی ہیں، جس کی وجہ سے یہ کام ہو رہا ہے۔

